سوال

(53)جنابت کی حالت میں فوت ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنابت کی حالت میں اگر کوئی فوت ہوجائے تو اسے ایک غسل دینا کافی ہے یا دو مرتبہ غسل دینا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی حالت میں فوت ہونے والے شخص کے لئے ایک ہی غسل کافی ہے اسے دو مرتبہ غسل دینے کی ضرورت نہیں ہے، جیسا کہ دوران نفاس فوت ہونے والی عورت کو ایک ہی غسل کافی ہوتا ہے، عبادات میں اس کی نظیر بایں طورپر ہے اگر کوئی مسجد میں صبح یا ظہر کی سنتیں ادا کرتا ہے تو اس سے تحیۃ المسجد ساقط ہوجاتا ہے اسے الگ سنتیں ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے، صورت مسئولہ میں بھی ایک ہی مرتبہ غسل دینا کافی ہے۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:93